# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

اسلام آباد 19 اگست 2019

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے خیبر پختونخواہ اسمبلی کی خواتین کی دو خالی مخصوص نشستوں برائے (پاکستان تحریک انصاف اور بلوچستان عوامی پارٹی) کیلئے انتخابی پروگرام جاری کر دیا ہے۔ جس کے تحت پاکستان تحریک انصاف اور بلوچستان عوامی پارٹی کے امیدواروں سے 23-08-2019 تا 26-08-2019 تک کاغذات نامزدگی ریٹرننگ آفیسر وصول کریں گے۔ اس ضمن میں یاددہانی کرائی جاتی ہے کہ

1۔ خواتین کی 2 مخصوص نشستوں برائے پاکستان تحریک انصاف اور بلوچستان عوامی پارٹی کیلئے ریٹرننگ افسر پیر مقبول احمد، صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخوا کو مقرر کیا گیا ہے جن کا دفتر بنگلہ نمبر A-11 مچنی روڈ پشاور کینٹ میں واقع ہے اور رابطہ نمبر 091-9211036 ہے۔

2۔ پاکستان تحریک انصاف اور بلوچستان عوامی پارٹی کیلئے مختص دو مخصوص نشستوں کیلئے امیدواران کو یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے کاغذات نامزدگی ریٹرننگ افسر کے پاس 26-08-2019 تک دفتری اوقات میں جمع کروادیں

3۔ پاکستان تحریک انصاف اور بلوچستان عوامی پارٹی اپنی ترجیحی فہرستیں تیار کرتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ امیدواران وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقہ جات (سابقہ فاٹا) کے کسی بھی علاقے کے رجسٹرڈ ووٹر ہوں اسی صورت میں ان کے کاغذات نامزدگی منظور کئے جائیں گے بصورت دیگر کاغذات نامزدگی خارج کر دیئے جائیں گے۔

4۔ دونوں سیاسی جماعتیں پاکستان تحریک انصاف اور بلوچستان عوامی پارٹی اپنے امیدواران کی ترجیحی فہرستیں صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخواہ/ریٹرننگ افسر کے دفتر میں 26-08-2019 تک دفتری اوقات میں جمع کرواسکتی ہیں۔